دکھی انسانیت کی خدمت قرب خداوندی کا باعث ہے، فرخ الطاف

غریبوں کی فلاح و بہبود کیلئے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے بڑھ چڑھ کر عطیات دیئے ہیں، تقریب سے خطاب

گزشتہ 16 سال سے اس عظیم مشن کے تحت غریب مریضوں کی خدمت کر رہے ہیں، حاجی محمد اقبال

دینہ (سٹی رپورٹر) دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کرنا بہت بڑی نیکی ہے۔ غریب نادار اور بے آسرا مریضوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی عظیم خدمت اور صدقہ جاریہ ہے۔ جو خوشنودی خدا اور قرب خداوندی کا باعث ہے۔ ایسے نیک کاموں میں حصہ لینے والے لوگ عظیم ہیں۔ یہ بات چوہدری فرخ الطاف ضلع ناظم جہلم نے گزشتہ روز پرائمری ہیلتھ سنٹر دینہ میں انجمن بہبود مریضاں دینہ وڈنمارک کے رہنما ابن مسعود راہی کے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ جہلم پرائمری ہیلتھ سنٹر میں صحت کی جدید و بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن مدد کرے گی۔ تقریب میں انجمن بہبود مریضاں ڈنمارک شاخ کے رہنما ابن مسعود راہی نے پرائمری ہیلتھ سنٹر کے الاقبال آئی بلاک کی ترقی و توسیع کیلئے پانچ لاکھ 32 ہزار روپے کے فنڈز دیئے اور تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غریبوں کی فلاح و بہبود کیلئے اس کار خیر مہم میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کمیونٹی نے بڑھ چڑھ کر عطیات دیئے ہیں۔ خوشنودی خدا کیلئے اس عظیم مشن کو آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔ اس موقع پر انجمن ہذا کے سرپرست اعلیٰ حاجی محمد اقبال نے کہا کہ انجمن کے پلیٹ فارم پر مقامی ڈاکٹروں کی معاونت سے ہم پچھلے سولہ برسوں سے غریب و نادار مریضوں کی خدمت کر رہے ہیں۔